2711 - کرنسی کی تبدیلی

سوال

ایك کرنسی سے دوسری کرنسی میں تبدیل کردہ مال کا حکم کیا ہے؟ مثلا میں سعودی ریال میں تنخواہ وصول کرتا ہوں اور اسے سوڈانی ریال میں تبدیل کروا لیتا ہوں، یہ علم میں رکھیں کہ ایك سعودی ریال تین سوڈانی ریال کے برابر ہے کیا یہ سود تو نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ایك ملك کی نقد کرنسی کا دوسرے ملك کی نقدی سے تبدیل کروانا جائز ہے، اگرچہ جنس کے اختلاف کی بنا پر اس کی مقدار میں فرق بھی ہو، جیسا کہ سوال میں مذکورہ مثال میں بھی بیان ہوا ہے، اس کے جواز کی ایك شرط ہے کہ مجلس میں ہی کرنسی یا پھر چیك، یا ڈرافٹ کے پیپر وغیرہ اپنے قبضہ میں کر لیے جائیں تو اس کا حکم بھی مجلس میں قبضہ کا ہی ہو گا.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .